مدح

ھم کو غیروں کا نہیں تیرا سہارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

آقا ھمارا ھے مولا ھمارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

دین کی برھاں ھے تو مولا ھمارا ھے

ڈوبتی کشتی کا بس تو ھی کنارہ ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

اب طلوع شمس ھے اپنے جھاں میں اسطرح

ھو گئی ظلمات کی نابود راھیں اسطرح

قوم دائودی کا تو روشن ستارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

تو ھے منصوریمن شاھنشھ نھر لبن

فیض پاتے ھیں سبھی سن کر تیرے شیریں سخن

علم کے اسرار کو تو نے نکھارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

عقل اوّل جان ایمان تو مفضل شاہ دیں
مؤمنوں کا ھے سہارا تو ھی تو ائے سیف دیں
جان عالم ھے تو ھی تیرا سہارا ھے
کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

سربلندی جس نے بھی کی ھے رہے تیرے روبرو
ھو سکے نہ پھر وہ دنیا میں کبھی بھی سرخ رو
سامنے تیرے وہ ھر منزل پے ھارا ھے
کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

حیدری فخرو غنا شامل ھے تجھمیں بے گماں

فاروق و صدّیق ھے تو ائے شہ کوونو مکاں

ابشار نور کا اك تو بھی دھارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

تاجدار انّما ائے تاجدار قُل کَفا

سجداءِ تعظیم تجھکو کرتے ھیں اھلِ وفا

ھے تو ھی حبلل متیں تیرا سھارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

آسمان پر جو اُفَق ھے وہ تیری مسکان ھے

تجھسے جو باطل ھوا انسان نھیں شیطان ھے

یہ حیولی تیرے احسانوں کا مارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

توھی بحرِ علم ھے تو حافظِ قرآن ھے

تو مُحافظ دین کا ھے ھم تیرے قربان ھے

عرشِ اعظم کا درخشاں اك ستارہ ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

زر تیری ٹھکر میں ھے تو بوزّرو سلمان ھے

ھم سری تیری کرے ایسا کوئی سلطان ھے

تیرے محرے تاب کا ھر سو نظارہ ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

جلوءِ شاہِ گُما روشن ھے تجھمیں بے گُماں

کون کھتا ھے امام العصر ھے ابّھی نھاں

شیشہءِ تصویرِ طیِّب کا تو پارہ ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

اِلہی سوفی حُبِّنا اَنْتُم جَلا بِی بَل بَلا
قولِ صادق کے مطابق میں کروں تیری والا
تیری اُلفت میں مجھے ھر غم گوارہ ھے
کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

مظھرِ شانِ محمّد مظھرِ نورِ علی
وہ قرآنِ پاك ھے اور تو ھے سورتِ جلی
اور کتاب العلم نے تجھکو نکھارا ھے
کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

تیرے رُخ کو دیکھنا ھے مؤ منوں کی بندگی

نام پر تیرے جو مرجائے وھی ھے زندگی

سارے انفُس کو تیرے دم کا سھارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

نائبِ مشکل کشاء لطفُ کرم کی اك نظر

بندہءِ محتاج پر اپنے کرم کی اك نظر

میں بھی ھوں بندہ تیرا تجھکو پکارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

میرے عصیاں روز محشر کیا کرینگے خشمگی

تو شفاعت کا ھے زامن ائے مفضل سیف دیں

زندگی کو نام پر تیرے گذارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

☆

از طفیلِ پنجتن برھانِ دیں شاہِ ھُدا

ھو تیری عمرِ قضر ائے شاہِ دیں سیف الھُدا

مؤمنوں کی جان کا تو ھی سھارا ھے

کوئی اپنا ھو نہ ھو پر تو ھمارا ھے

اب مشیرِ بے نوا تیری ثنأ کیسے کرے

یه زُباں خاصر ھے که حمدو ثنأ کیسے کرے

اب دلی جزبات کو تیرا سھارا ھے

کوئی اپنا ھو نه ھو پر تو ھمارا ھے

☆

عبد سیدناطع

احمد حسین برتن گھروالا (مرحوم)

حیدرآباد دکّن